انہوں نے اس ڈیل کے مطابق اپنے فیصلے جاری کر دیئے۔ہم اس سوچ کی پُر زور مذمت کرتے ہیں اور عدلیہ پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے کہ اس نے فیصلے قانون کے مطابق کیے اور ڈیل سے متاثر ہو کر نہیں کیے۔

حافظ سرفراز اقبال وحمزہ اقبال کو صدمہ

ان کے والد محترم جناب محمد اقبال اختر قریشی کا انتقال پُر ملال

مورخہ 30 مارچ بروز جمعرات انجمن اہل حدیث (رجسٹرڈ) جہلم کے معزز رکن اور جامعہ کی تعلیمی کمیٹی کے انچارج، ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر اور مسجد عمر فاروق اہل حدیث بلال ٹاؤن کے خزانچی و مستقل نمازی اقبال اختر قریشی طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم انتہائی نیک اور بااخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ڈگری کالج کے گراؤنڈ میں پڑھائی جس میں جماعتی احباب وجامعہ کے اساتذہ کے علاوہ جہلم شہر وگردونواح سے کثیر تعداد میں لوگوں نے نمازہ جنازہ میں شرکت کی۔

اُثریہ ماڈل بوائز ہائیر سیکنڈری سکول کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات

اللہ تبارک وتعالیٰ کے خاص فضل وکرم سے جامعہ علوم اُثریہ زندگی کے باقی شعبہ جات کی طرح تعلیم کے میدان میں بھی سرگرم عمل ہے۔اُثریہ ایجوکیشن سسٹم کے زیرنگرانی چلنے والے تمام اداروں میں عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم وتربیت کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔اُثریہ ایجوکیشن سسٹم کے اس نہج کی شاندار جھلک 23 مارچ بروز جمعرات اُثریہ ماڈل بوائز ہائیر سیکنڈری سکول جہلم کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر نظر آئی۔اس پروگرام کے مہمان خصوصی ممتاز مذہبی سکالر الشیخ ابراہیم خلیل الفضلی (مکتب الدعوۃ اسلام آباد) تھے۔پروگرام صبح 9 بجے سے ظہر کی نماز تک جاری رہا۔مہمانان گرامی کی آمد مقررہ وقت پر شروع ہو چکی تھی۔اس تقریب کیلئے جامعہ کے وسیع سبزہ زار کو بہت احسن انداز میں مزین کیا گیا تھا۔کم وبیش پانچ سو خواتین وافراد کیلئے انتظام کیا گیا تھا اور سٹیج کے پیچھے اُثریہ ایجوکیشن سسٹم کی سالانہ تقریب کی شیٹ منظر کو انتہائی پُروقار بنائے ہوئے تھی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کے بعد طلبا نے خوبصورت انداز میں تمام مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہا اور پھر طلبا نے مختلف موضوعات پر تقاریر، نظمیں، ترانے اور ٹیبلو پیش کیے۔

مہمان خصوصی کے خطاب سے پہلے رئیس الجامعہ جناب حافظ عبدالحمید عامر اور اُثریہ ایجوکیشن سسٹم کے